سوال

(834)وہ ہم کواپنی نیت سے تنگ کرتے ہیں لیکن ہم الخ

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

حافظ صاحب ہمارے ایک عزیز ہیں ۔ وہ ہم کواپنی نیت سے تنگ کرتے ہیں لیکن ہم بھی بہت کچھ کرسکتے ہیں ان کےلیے لیکن ہم اللہ سے ڈرتے ہیں ۔ تواس کی کوئی وضاحت کریں ہمیں کوئی وظیفہ لکھ دیں ؟ یا کوئی دھاگہ کے اوپر اللہ کا کلام لکھ دیں جس سے ان کا دل پھر جائے ۔ جب ہم نہیں انہیں تنگ کرتے تووہ ہمیں کیوں تنگ کرتے ہیں اس مسئلے کی بہت بہت اچھی طرح مکمل طور پر وضاحت کریں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ان کو کھلا ئو پلا ئو ان کی خوب دعوتیں کرو {صِلْ مَنْ قَطَعَكَ} [جو آدمی تجھ سے رشتہ توڑے تو اس سے جوڑ] پر خوب عمل کرو اور ''اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيهِ بِمَا شِئْتَ'' پڑھتے رہو نیز {اِدْفَعْ بِالَّتِي هِيَ حَسَنٌ} کا نمونہ بنے رہو ان شاء اللہ وہ {كَأَنَّهُ وَلِيٌّ حَمِيمٌ} 1 [جواب میں وہ کہہ جو اس سے بہتر ہو پھر تو دیکھ لے کہ تجھ میں اور جس میں دشمنی تھی گویا دوست ہے قرابت والا] کا مصداق بنے گا۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

[حم السجدۃ ۳۴ پ ۲۴]

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد01ص527